© rasailojaraid.com

رسالہ
مرقّع قادیانی
امرتسر
بابت دسمبر ۱۹۰۷ء
نمبر ۷ جلد ۱

مرزا صاحب قادیانی پر میری مباہلہ کا اثر اور اُسکا اُنکو اعتراف

ناظرین کو معلوم ہوگا کہ مرزا جی نے میرے ساتھ مباہلہ کا ایک طولانی اشتہار دیا تھا جس کا خلاصہ یہ تھا کہ میں اور مرزا میں سے جھوٹا سچّے کی زندگی میں مرجائیگا یا موت کے برابر اُسکو تکلیف پہونچیگی سو الحمدللہ یہ مباہلہ مرزا صاحب ہی پر پڑا کہ اُنکا پیارا بیٹا جسکی شادی کو پندرہ روز ہی گذرے تھے ۱۶ ستمبر ۰۷ء کو مرگیا۔ جس سے مرزا صاحب پر سخت غم والم کے پہاڑ ٹوٹ پڑے اسکی تفصیل ۱۱ اکتوبر اور ۲۲ نومبر کے اخبار اہلحدیث میں درج ہے جس صاحب نے اخبار مذکور نہ دیکھا دو آنہ کے ٹکٹ بھیجکر مینیجر اخبار اہلحدیث امرتسر سے منگالیں ۔ امید ہے آئندہ کو مرزا صاحب کسی سے مباہلہ کی درخواست نہ کرینگے ۔

چیستان مرزا قادیان اور اسکی حل کرنے پر مرزا صاحب کو پانسو روپیہ انعام

آج ہم یہ مضمون انعامی چیستان مرزا لکھتے ہیں اور مرزا صاحب کو ایک مہینے کی مہلت دیتے

© rasailojaraid.com